UNIVERSAL LIBRARY

OU_188385

UNIVERSAL LIBRARY

OUP—67—11-1-68—5,000.

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ٩٢٣٥

Accession No. ٩٢٣٥

Author

Title

٢٩٥٦

29 56

This book should be returned on or before the date last marked below.

شیر جنگ

مؤلفہ

محمد سراج الدین طالب

سلطنت آصفیہ کے دیوان

حیدر یار خان

شیر جنگ

کے

مختصر حالات

(مؤلفہ)

محمد سراج الدین طالب

سنہ ۱۳۵۱ھ
۱۹۳۲ء
شمس الاسلام پریس چھتہ بازار حیدرآباد دکن



محمد سراج الدین طالب

نذر

نیر الملک نیر الدولہ حیدر یار خان شیر جنگ (جن کا حال اس کتاب میں درج ہے) عالیجناب نوّاب میر یوسف علی خان بہادر سالار جنگ کے مورث اعلیٰ ہیں اسی تعلق کی بناء پر ان چند اوراق کو نواب صاحب ممدوح کی نذر کیا جاتا ہے۔

پیش کُنندہ

محمد سراج الدّین طالب

فہرست مضامین

نذر

				صفحہ
تعریف کتاب	الف	۵	جنگ راکس بھون	۳۱
خصوصیات کتاب	ب	۶	ضمیمہ الف شجرہ	۴۹
اظہار امتنان	ج	۷	ضمیمہ ب گوشوارہ اسناد	۵۰
شیر جنگ حسب و نسب	صفحہ ۱	۸	ضمیمہ ج نقول اسناد	۵۲

فہرست تصاویر

مولف		۵	آئینہ خانہ شیر جنگ	۳۳
نواب یوسف علی خان بہادر سالار جنگ	صفحہ ۱	۶	صفدر خان غیور جنگ	۴۷
شیر جنگ	۷	۷	قبر شیر جنگ	۴۸
ڈیوڑھی شیر جنگ	۲۹		———	

تعریفِ کتاب

شیر جنگ صلابت جنگ کے دورِ حکومت میں دیوانِ دکن رہے ہیں اُن کا عہد ریاست آصفیہ کی تاریخ میں جو کچھ اہمیت رکھتا ہے اس کتاب کے مطالعہ سے ظاہر ہوگا۔

ان کا کچھ حال صاحب حدیقۃ العالم نے بیان کیا ہے لیکن اُس نے اُس زمانے کی سیاسی حالت کا جس سے شیر جنگ کا تعلق رہا ہے کچھ ذکر نہیں کیا اور نہ ان کی تدریجی ترقی اور جاگیرات کی تفصیل بتائی ہے جس سے اس زمانہ کی عہد آصفیہ کی حالت پر خاص روشنی پڑتی۔ اسی کو محسوس کر کے ہم نے یہ کتاب مرتب کی ہے جو تاریخ عہد آصفیہ کے سلسلہ کی ایک کتاب اور نہ صرف شیر جنگ کے احوال بلکہ ان کے عہد کے جملہ سیاسی حالات پر مشتمل ہے۔ اور آصفجاہ اول کی قایم مقامی کے خانہ جنگی اور نظام علی خان کی ترقی کے اسباب پر محتوی ہے۔

خصوصیات کتاب

۱ ۔ اس کتاب کی تدوین میں اسناد سے بہت مدد لی گئی ہے ۔

۲ ۔ کتاب کے آخر ضمیمہ الف میں شیر جنگ کا شجرہ بتایا گیا ہے ۔

۳ ۔ ضمیمہ ب میں شیر جنگ کے اسناد کا خلاصہ بطور گوشوارہ دیا گیا ہے تاکہ قارئین کو اسناد کے پورے مطالعہ کی زحمت نہ ہو ۔

۴ ۔ ضمیمہ ج میں اسناد کی پوری نقلیں کردی گئی ہیں کہ گوشوارہ سے کسی امر کے متعلق تشفی نہ ہو تو اصل سند کے مضمون پر کما حقہٗ واقفیت ہو سکے

۵ ۔ شیر جنگ سے متعلق جتنی تصویریں ہم دست ہو سکیں شامل کتاب کردی گئیں ۔

اظہارِ امتنان

۱۔ سب سے پہلے عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر دام اللہ اقبالہٗ مستوجب الامتنان ہیں کہ انہوں نے ان چند اوراق کو اپنے نام سے منسوب کرنے کی اجازت عطا فرمائی۔

۲۔ مخدومی جناب مولوی سید خورشید علی صاحب ناظم دفتر دیوانی و مال و ملکی کا شکریہ ادا کرنا بھی میرا فرض ہے کہ مسودہ کتاب کو از اول تا آخر بہ نظرِ امعان ملاحظہ فرمایا۔

۳۔ اگر میں اپنے مخلص مولوی سردار علی صاحب ایڈیٹر تجلی کا شکریہ ادا نہ کروں تو ناانصافی ہوگی کہ انہوں نے کاپی اور پروف کی صحت کر کے میرا ہاتھ بٹایا۔

شکرگزار

سراج الدین طالب

عالیجناب نواب میر یوسف علی خان بہادر سالار جنگ

شیرِ جنگ

حضرت اویسؓ قرنی تاریخ اسلام میں ایک جلیل القدر بزرگ ہیں۔ یمن کے قریہ قرن میں رہتے تھے۔ عہد رسالت میں موجود تھے مگر اپنی نہایت ضعیف والدہ کی خدمت گزاری کی مصروفیت کے سبب آپ کو اس کا موقع نہ مل سکا کہ بارگاہ نبوت میں حاضر ہوتے۔ اس کے باوجود حضرت اویسؓ کو آنحضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک کے ساتھ انتہائی عقیدت تھی جو عشق کے درجہ کو پہنچی ہوئی تھی۔

جنگ احد میں جب آنحضرت صلعم کا دندان مبارک شہید ہوا اس کی اطلاع ان کو ملی تو انہوں نے اس بنا پر کہ نہ معلوم کونسا دانت شہید ہوا ہے اپنے سارے دانت توڑ ڈالے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی رحلت سے قبل اپنا خرقہ مبارک اویس قرنی کو دینے کی نسبت تاکید فرمائی تھی وہ آخر عمر میں جنگ صفین میں حضرت علیؓ

کی طرف سے شریک اور اسی میں شہید ہوئے۔ حضرت اویس قرنیؓ کی اولاد میں اویس ثالث مدینہ منورہ کے متولی اوقاف تھے جو کسی القائے غیبی پر اپنے فرزند شیخ محمد علی کے ہمراہ مدینہ سے نکلے چندے بحرین میں قیام کیا وہاں سے سمندر کے راستہ دکن کے ساحل کوکن سے ہوکر بیجاپور آئے اس زمانہ میں وہاں کی سلطنت کے تخت پر علی عادل شاہ ثانی متمکن تھے جو ان کی تشریف آوری کو مغتنمات سے تصور کر کے نہایت تعظیم و تکریم سے پیش آئے اور بڑے اصرار کے ساتھ انہیں اپنے پاس ٹھہرایا۔ ان کے لئے بادشاہ نے درگاہ قدم رسول کے قریب عمارات تیار کیں۔ شیخ محمد علی علم و فضل کے زیور سے آراستہ و پیراستہ تھے علی عادل شاہ نے ان کو اپنا دبیر بنایا جو اس عہد کے ممتاز عہدوں میں سے تھا۔ ملا احمد نائتہ[1] کی لڑکی سے ان کا عقد نکاح ہوا۔ شیخ محمد علی کو ان بیوی کے بطن سے دو لڑکے پیدا ہوئے۔

(۱) شیخ محمد باقر (۲) شیخ محمد حیدر

---

[1] ملا احمد نائتہ صاحب علم و فضل اور ارباب دانش و کمال سے تھے۔ یاوری طالع سے علی عادل شاہ ثانی بیجاپور کے مورد الطاف ہوکر قلیل عرصہ میں رکن رکین دولت و مدار المہام سلطنت ہوئے۔ کچھ عرصہ کے بعد رفاقت عادل شاہ سے دل برداشتہ ہوکر عالمگیر کی ملازمت کا ارادہ رکھ کر موقع کے منتظر رہے۔ حتیٰ کہ عالمگیری سال ہشتم میں راجہ جے سنگھ ثالث ریاست بیجاپور پر متعین ہوئے عادل شاہ اپنی سابقہ غلطیوں کا اعتراف کر کے ملا احمد کو جو تمام امرا سے فہمیدگی و کاردانی میں خاص امتیاز رکھتے تھے۔ (بقیہ برصفحہ آئندہ)

علی عادل شاہ نے شیخ محمد باقر کو اپنا میر ساماں اور شیخ محمد حیدر کو مستوفی الممالک بنایا اور شیخ علی خان نے جو عادل شاہی ارکین سے تھے اپنی ایک بہن کو شیخ محمد باقر کے حبالۂ عقد میں دیا دونوں بھائی (شیخ محمد باقر اور شیخ محمد حیدر) سکندر عادل شاہ کے عہد تک بیجاپور میں اپنی اپنی خدمات پر مامور و برسرکار رہے۔

صاحب حدیقۃ العالم کا بیان ہے کہ جب[1] مصطفےٰ خان (وزیر سکندر عادل شاہ) سے ان کی ناموافقت ہوگئی تو انہوں نے شاہ عالمگیر کے پاس

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) اصلاح کار و اعتذار اور تجدید مراتب قول و قرار کی غرض سے راجہ جے سنگھ کے پاس روانہ کیا۔ ملا احمد نے اپنے ارادۂ دلی کی تکمیل کیلئے اس دفع کو غنیمت جان کر قلعۂ پورندھر کے پاس ۶ شنبہ میں راجہ سے ملکر اپنے عندیہ کا اظہار کیا جب عالمگیر بادشاہ کو اس کا علم ہوا تو انکی طلب میں فرمان صادر کیا اور براحم خسروانہ غائبانہ شش ہزار سوار کا منصب مرحمت کیا اور مرزا راجہ جے سنگھ کو لکھا کہ ملا احمد حضور میں پہنچنے پر خطاب سعد اللہ خان اور خدمت لائقہ سے سرفراز کئے جائیں گے۔ ان کو خرچ راہ دیکر حضور میں روانہ کردو۔ راجہ نے حسب الحکم دو لاکھ روپیہ ان کو اور پچاس ہزار روپیہ ان کے لڑکے کو دیکر روانہ کیا۔ ملا احمد احمد نگر پہنچکر ناکام انتقال کر گئے ان کے فرزند محمد اسد نے انتیسویں سال جلوس عالمگیری میں شرف ملازمت حاصل کر کے عطایائے انواع و منصب ہزار و پانصدی دو ہزار سوار اور خطاب اکرم خان سے سرفرازی پائی۔ ملا احمد کے احمد نگر میں انتقال پانے پر صاحب ریاض مختاریہ نے یہ خیال آفرینی کی ہے کہ احمد نگر کے نام کی مناسبت نے کہ دونوں میں احمد کا اجتماع تھا ملا احمد کو نہ چھوڑا کہ آگے جائیں۔

[1] حدیقۃ العالم مقالۂ دوم طبع دوم صفحہ ۲۸۰

اپنی ملازمت وحضوری کے نسبت عرضی بھیجی۔ لیکن یہ بیان صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ مصطفیٰ خان سلطان محمد عادل شاہ کے وزیر تھے انہیں کے عہد ۱۰۵۸ھ میں مصطفیٰ خان نے وفات پائی اس بادشاہ کے عہد میں شیخ محمد علی بن اویس ثالث بیجاپور پہنچے بھی نہیں تھے۔ پھر یہ کس طرح ممکن ہے کہ مصطفیٰ خان سے موافقت یا ناموافقت ہو۔ شیخ محمد باقر اور شیخ محمد حیدر البتہ سکندر عادل شاہ کے عہد میں موجود تھے اس زمانہ میں پہلا وزیر بہلول خان اور دوسرا مسعود خان ہوا لیکن ہم کو ان دونوں میں سے کسی ایک سے بھی محمد باقر یا محمد حیدر کے ساتھ مخالفت کی کوئی وجہ دریافت نہ ہوسکی اس زمانہ میں البتہ مغلیہ سلطنت کے ہواخواہ دکن کی سلطنتوں کو مغلیہ عمل دخل میں لانیکے لئے کوشاں تھے۔ اس کی وجہ یہ بھی تھی کہ سیواجی کی شورشوں کو دکن کی سلطنتوں سے بڑی مدد یا پناہ مل جاتی تھی۔ دکن سلطنتوں پر آسانی سے غلبہ پانیکے لئے اس سے بہتر اور کوئی ذریعہ نہیں ہوسکتا تھا کہ ان ریاستوں کے امراء کو پرچا کر اپنا کرلیا جائے اور اس طرح حکومتوں کے زور کو توڑ دیا جائے۔ اس کا امکان اس عہد میں دور از قیاس بھی نہیں تھا کہ اس علاقہ کے حکمرانوں کی کمزوری اور غفلت سے ریاستوں کے امراء خود اپنی ریاستوں سے بددل اور کشیدہ خاطر ہورہے تھے۔

مذکورہ عرضی کی بناء پر دونوں بھائی سلطنت مغلیہ میں طلب کرلئے گئے

اورنگ زیب عالمگیر کے دربار سے شیخ محمد باقر کو منصب دو ہزاری پانصد سوار اور شاہ جہاں آباد و کشمیر کی دیوانی سرفراز ہوئی۔ اور ان کے بھائی شیخ محمد حیدر منصب ہزار و پانصدی اور سہ صد سوار اور بادشاہ زادہ محمد اعظم کی فوج کی دیوانی سے ممتاز ہوئے ایک عرصہ اس خدمت پر بسر کرنیکے بعد وزیر اعظم اسد خان کے توسل سے شیخ محمد باقر نے عالمگیر کے حضور میں عرضی گذرانی کہ ہندوستان کی آب وہوا فدوی کو موافق نہیں آتی ہے امیدوار ہوں کہ فدوی دکن میں متعین فرمایا جائے۔

بادشاہ نے ازراہ عنایت ان کو تل کوکن کی دیوانی تفویض کر کے روانگی کی اجازت مرحمت فرمائی۔

شیخ محمد باقر دکن میں آکر بڑے اعتبار و وقار سے زندگی بسر کرتے رہے۔ بالآخر خدمت سے مستعفی اور مشروط الخدمت جاگیر سے دست بردار ہو کر اورنگ آباد میں سکونت اختیار کی تاحیات جاگیر ذات پر قابض و متصرف رہے ۱۱۲۸ھ میں روضۂ رضواں کی راہ لی۔

شیخ محمد باقر علوم عقلی و نقلی کے جید عالم اور اہل صلاح و تقویٰ اور صاحب تصانیف غرا تھے تلخیص المرام فی علم الکلام انہیں کی تصنیف ہے اور اصول خمسہ میں ایک ضخیم کتاب لکھی ہے جس میں حکمت کے بہت سے مسائل غامضہ بیان کئے ہیں

اس کتاب کے دیباچہ میں وہ لکھتے ہیں کہ علامۃ الزمان وفہامتہ الاقران مولانا محمد فصیح تبریزی نے اس تالیف کو از بائے بسم اللہ تا تائے تمت مطالعہ کر کے روضتہ الانوار وزبدۃ الافکار نام رکھا لیکن اس مقام کے سمجھنے میں مولوی دلاور علی صاحب دانش صاحب ریاض مختاریہ کو تسامح ہوا ہے چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ "..... [1] ملا محمد فصیح تبریزی نے کتاب مذکورہ دوم کا یہ نام رکھا ہے ورنہ مصنف کا رکھا ہوا نام علامتہ الزماں فہامتہ الاقران تھا" حالانکہ صاحب حدیقتہ العالم کا بیان یہ نہیں ہے اس کے الفاظ یہ ہیں

[2] کتاب ضخیم دیگر است دربیان اصول خمسہ کہ بسیارے از مسائل غامضہ حکمت
درآں مندرج ساختہ در دیباچۂ این کتاب نوشتہ علامتہ الزماں وفہامتہ الاقران
مولانا محمد فصیح بریزی بعد از انکہ این تالیف را از دل تا آخر بشرف مطالعہ
درآوردند روضتہ الانوار وزبدۃ الافکار نامیدند۔

ان کے فرزند شیخ محمد تقی نے عہد عالمگیری میں سہ صدی اور بہادر شاہ کے عصر میں پانصدی و پنجاہ سوار منصب پایا۔ اور محمد فرخ سیر کے دور میں اورنگ آباد کے داروغہ جزیہ مقرر ہوئے جب نواب آصفجاہ اول دکن کے حاکم ہوئے تو ان کی پیشگاہ سے ان کو دکن کے تمام قلعہ جات کی داروغگی احتشام سرفراز ہوی وہ

---

[1] ریاض مختاریہ صفحہ نمبر ۲۲ [2] حدیقتہ العالم مقالہ دوم صفحہ ۲۸۸

حیدر یار خان شیر جنگ

۱۱۴۵ھ ہجری میں روانۂ خلد بریں ہوئے شمس الدین محمد حیدر شیر جنگ۔
انہیں شیخ محمد تقی کے فرزند دل بند ہیں یہ ۱۱۱۳ھ ہجری میں تولد ہوئے ان کی
ولادت کا مادۂ تاریخ (عالی بخت) ہے۔

صاحب حدیقۃ العالم نے لکھا ہے کہ یہ صغر سنی ہی میں بعہد شاہ عالمگیر
منصب صدی پر ممتاز ہوئے۔ لیکن اس کے صحیح باور کرنے میں تامل ہے
اس وجہ سے کہ یہ ۱۱۱۳ھ ہجری میں پیدا ہوئے اور عالمگیر کا انتقال ۱۱۱۷ھ
میں ہوا یہ یقین نہیں آتا کہ تسمیہ خوانی سے قبل یا اس کے ساتھ ہی عالمگیری
دربار سے ایسا کوئی منصب ان کو ملا ہو اور اس زمانہ میں نہ ان کے والد محمد تقی
ہی کوئی ایسے اعلیٰ منصب سے ممتاز تھے کہ ان کے لڑکے کو کم سنی میں عالمگیر
جیسا محتاط بادشاہ طلب کر کے اس منصب سے سرفراز کرتا اور نہ ہمارے
دیکھنے میں کوئی ایسی سند آئی ہے جس سے یہ معلوم ہوتا کہ ان کو عالمگیر کے زمانہ
میں ہی منصب صدی ملا۔ سن رشد کو پہنچنے پر نواب نظام الملک آصفجاہ کی ملازمت
میں دوصدی کے منصب اور داروغگی فیلخانہ سے سرفراز ہوئے۔

شیر جنگ نے اپنے زمانہ دیوانی میں سید شاہ حاجی قاسم علوی سجادہ
درگاہ نعلین مبارک کے نام دو سندیں دی ہیں ان کی عکسی نقول ہمارے

دیکھنے میں آئی ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ شیر جنگ اپنی پچیس سال کی
عمر میں تپ دق سے بیمار ہوئے تھے جب صحت کی امید باقی نہ رہی تو ان کے
والدین نے ان کو ہاتھوں میں اٹھا کر درگاہ نعلین مبارک کے سامنے ڈالدیا کہ
صاحب نعلین ہی اپنے کرامات سے صحت یاب کردیں۔ بیمار کو حالت غشی
میں بشارت ہوی کہ حضرت امام حسین علیہ الصلواۃ والسلام آگے موجود ہیں اور
فرماتے ہیں کہ اے حیدر یار تجھ کو اس مرض دق سے صحت کلی ہو گئی امت آنحضرت
کے غربا اور آل نبیؐ و اولاد علیؓ کو اپنے زمانۂ فراغ بالی میں فراموش نکرنا اور حسن سلوک
ان کے ساتھ مرعی رکھنا۔ اس کے بعد حقیقۃً وہ صحت یاب ہو گئے اور جب
دیوان ہوئے تو اسی واقعہ کو یاد رکھ کر انہوں نے درگاہ مبارک کے سجادہ صاحب
کی معاش سابقہ کو بحال و برقرار کیا۔ انہیں سجادہ صاحب کے نام ایک سند
شیر جنگ کی اور ہے جس سے ایک دوسرا واقعہ انکی زندگی کی نسبت معلوم
ہوتا ہے وہ یہ کہ ایک روز انہیں سجادہ صاحب کے ہمراہ ہاتھی پر ہودہ میں بیٹھے ہوئے
شیر جنگ شیر کے شکار کے ارادے سے نکلے اور بیدر کے مشرقی جنگل میں بارہ
کوس آگے نکل گئے جنگل میں سے ایک شیر نکل آیا۔ شیر جنگ نے گولی چلائی جو اس کے
پیٹ میں لگی اور شیر بپھر کر گرجتا ہوا ان پر گرا ہی چاہتا تھا کہ شاہ صاحب نے

اپنے ہاتھ کے کھانڈے سے اس کے دو ٹکڑے کر دئے۔ اور شیر جنگ بال بال بچ گئے
اپنے والد کے انتقال (۱۱۴۵ھ) کے بعد تیس سال کی عمر میں انہوں نے
حسب بیان حدیقۃ العالم سہ صدی منصب پر ترقی پائی اور جب مغفرت مآب
نے محمد شاہ کے طلب کرنے پر دکن میں اپنے فرزند ناصر جنگ کو اپنا نائب مقرر
کر کے شاہ جہاں آباد کا قصد کیا تو اس وقت شمس الدین محمد حیدر کو جو ان دنوں
داروغہ فیلخانہ تھے اپنی عرض بیگی کی خدمت سے ممتاز فرمایا۔ اور اسی کے
ایک سال بعد اسی سلسلہ میں ان کے منصب میں شش صدی کا اضافہ ہوا
اس ترقی منصب کی سند جو ہماری نظر سے گذری ہے وہ گلاب چند متصدی
محمد شاہ کے مہر کی ہے اس سے ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ ان کو اس وقت
تک حیدر یار خان خطاب نہیں ہوا تھا۔ اسی وجہ سے سند میں لکھا گیا ہے۔

"حکم والا صادر شد کہ محمد حیدر ولد محمد تقی از اصل و اضافہ منصب شش صدی
ذات سرفراز باشد۔"

یہ سند ۱۱ ذیقعدہ سنہ ۲۲ جلوس محمد شاہی مطابق سنہ ۱۱۵۲ ہجری کی لکھی
ہوی ہے۔ اس کے ضمن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس سے قبل وہ دو صد و پنجاہی
منصب پر مامور تھے مغفرت مآب نے اپنے تجویز نامہ کے ذریعہ صدی کی

تحریک پیش کی جس پر دربار شاہی سے چہار صدی کا حکم ہوا اس کے بعد ہی
مغفرت مآب نے مزید دو صدی کے اضافہ کی تجویز پیش کی جس کی رو سے
سنہ ۱۱۵۲ ہجری میں ان کو شش صدی پر ترقی ملی۔ یہ عین اس زمانہ کا اضافہ ہے
جب کہ نادر شاہ ہندوستان میں موجود تھے اور محمد شاہ سے صلح کی گفت و شنید
ہو رہی تھی اور تکمیل صلح میں آصفجاہ کوشاں تھے اور درگاہ قلی خان اور محمد حیدر
ان کی خدمت میں موجود تھے۔ عجب نہیں اس زمانہ کی محنت و جفاکشی اور حسن خدمت
سے خوش ہو کر آصف جاہ نے تھوڑے ہی عرصہ میں دوبار اضافہ منصب
کی سفارش و تجویز دربار شاہی میں پیش کی ہو۔

صاحب تاریخ رشید الدین خانی لکھتے ہیں :-

".... انہیں آواں سنہ ۱۱۵۱ھ میں شمس الدین محمد حیدر کو ساتھ اضافہ
دو سو کے پانصدی منصب اور خطاب حیدر یار خان نواب نے عنایت فرمائے"
لیکن ہمارے دیکھنے میں جو سند آئی ہے اس سے اس قول کی تائید نہیں ہوتی
چنانچہ سنہ ۱۱۵۲ ہجری کی سند میں ان کے نام کے ساتھ کوئی خطاب نہیں ہے
اور نہ اس سے یہ صراحت ہوتی ہے کہ ان کو پانصدی منصب ملا تھا۔ ممکن
نہ تھا کہ سند میں خطاب کا ذکر نہ ہوتا اور منصب کی صراحت اس طرح نہ کیجاتی

جیساکہ تاریخ رشیدالدین خانی میں درج ہے ۔

جس زمانہ میں نادرشاہ ہندوستان میں موجود تھے مغلیہ شاہنشاہ کی طرف سے نواب آصفجاہ بحیثیت وکیل ان کے دربار میں جاتے تھے اس کا ذکر کرتے ہوئے صاحب حدیقۃ العالم کہتا ہے مغفرت مآب کو ان (شیر جنگ) کا اتنا اعتماد تھا کہ جب نادرشاہ کے حضور میں جاتے تو ان کے اور درگاہ قلی خان کی ہمراہی کے بغیر نہ جاتے ۔ صاحب مآثر نظامی کا بیان ہے کہ نادرشاہ کے دربار میں کسی امیر کو یہ اجازت نہیں تھی کہ اپنے ہمراہ کسی کو لیجائے البتہ آصفجاہ کو نادرشاہ نے دو کفش بردار ساتھ رکھنے کی اجازت مرحمت کی تھی لیکن خلاف قاعدہ دو کفش برداروں کے ہمراہ رکھنے کی اجازت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آصف جاہ پر نادرشاہ کی خاص نظر عنایت تھی اور اس موقع پر شیر جنگ اور درگاہ قلی خان ہی کو منتخب کرنے سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ان دونوں پر آصف جاہ کو بڑا اعتماد تھا ۔

ایک پروانہ سے جو ۴ ربیع الاول ۱۱۶۶ ہجری کا تحریر کردہ ہے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان کو اس وقت حیدر یار خان خطاب ہو چکا تھا چنانچہ اسکے الفاظ یہ ہیں :-

"..... نوشتہ می شود کہ مبلغ پنج ہزار و سی صد و نود و نہ روپیہ دوازدہ آنہ از پرگنہ مذکور (رائچور) از انتقال فاضل بیگ خان بجاگیر شہامت و عوالی مرتبت بسالت و معالی منزلت خان صداقت نشان حیدر یار خان بہادر تنخواہ شد۔"

اس سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ ان کو ۱۱۶۶ھ ہجری میں خطاب مل چکا تھا اور چونکہ ان کی ۱۱۵۲ھ ہجری کی سند میں ان کے نام کے ساتھ کوئی خطاب نہیں ہے اس لئے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ان کو یہ پہلا خطاب ۱۱۵۲ھ ہجری اور ۱۱۶۶ھ ہجری کے مابین ملا یہی زمانہ ان کی ترقی کی ابتدا کا زمانہ ہے۔ اس علم کے بعد کہ شیر جنگ ۱۱۵۱ھ ہجری میں آصفجاہ کے عرض بیگی ہو چکے تھے قیاس یہ ہوتا ہے کہ انہوں نے اس مہم میں خاص حصہ لیا ہے جو آصفجاہ اور ان کے صاحبزادے ناصر جنگ کے مابین ہوئی تھی جس کی تفصیل یہ ہے کہ نواب آصفجاہ اول نادر شاہ کی مہم سے فارغ ہو کر ابھی شاہجہاں آباد میں تھے کہ بعض ناعاقبت اندیش امرا[1] نے

---

[1] ان امراء میں بڑے سربراہ کار یہ چار تھے: سید جمال خان (پسر عضد الدولہ) عبد العزیز خاں - میر عبد الرزاق خان (صاحب ماثر الامرا) فتح یاب خان، جنہوں نے صاحبزادے کو ورغلا کر اپنے لئے سیر حاصل جاگیرات حاصل کئے۔ ان کے علاوہ خان عالم دکھنی، سلطان جی، جانوجی، عبد الحسین خان، ابراہیم علی خان، مرزا حسن علی، ناصر قلی خان، وغیرہ بھی شریک مصلحت تھے باقی نام اس وجہ سے معلوم نہیں ہو سکے کہ آصفجاہ نے اس فہرست و مثل کو جو ان ناموں اور ان کے خطوط پر مشتمل تھی پڑھے بنا سنے بغیر تلف کرا دیا تاکہ ان میں سے کسی کی طرف سے ان کو کوئی برا خیال پیدا نہ ہو۔

اُکسانے پر ناصر جنگ نے اپنے والد کے خلاف مرضی بعض انتظامات کئے اور چاہتے تھے کہ اُن سے کلیتاً منحرف ہوجائیں۔ اس کی اطلاع ملنے پر نواب آصفجاہ نے بہ نفس نفیس اس آتش کو فرو کرنیکی طرف توجہ فرمائی اور صاحبزادے صاحب (ناصر جنگ) کو اپنی طرف سے فہمایش کرنے اور ان کے طرفدار امراکو ان کی جنبہ داری سے روکنے کے لئے جہاں چند خاص امراکو مامور کیا وہاں حیدر یار خان شیر جنگ کو بھی خاص طور پر نامزد فرمایا شیر جنگ نے نواب آصف جاہ کی جانب سے ناصر جنگ کو یہ تاکید کی کہ نواب آصفجاہ کے اس دنیائے ناپایدار سے کوچ کرنیکے قبل ان کا دیدار دیکھ لیں اس سے ناصر جنگ نہایت متاثر ہوے اور یہ تصور کیا کہ والد ضعیف ہیں اور ممکن ہے کہ قریب مرگ ہوں ایسی صورت میں انکو ناخوش کرنا مناسب نہیں ہے وہ انتقال کرجائیں تو پھر خود ہی ریاست کے مالک بنجائیں گے اِدھر اکثر ان کے موید امراء بھی ان سے علیحدہ ہو گئے تھے ان دونوں امور سے وہ متاثر ہو گئے۔

لیکن بتقاضائے غیرت وہ اپنے والد کے حضور میں جانے سے جھجکتے تھے اس لئے جنگ کے ارادے سے باز آکر حضرت برہان الدین غریب کے روضہ میں اقامت گزیں ہوے۔ اس کے بعد آصف جاہ نے موسم باراں کی وجہ سے

اپنی فوج کو رخصت کر دیا جس کی اطلاع ملنے پر ناصر جنگ نے بعض نا عاقبت اندیشوں کے اغواء سے وہاں سے نکلکر فوج فراہم کی اور باپ سے جنگ کرنے پر مکرر آمادہ ہو گئے آصفجاہ نے اپنی رہی سہی فوج مدافعت کے لئے ترتیب دی دونوں فوجوں کا مقابلہ ہوا جنگ میں ناصر جنگ کا فیلبان مارا گیا اور ان کے ہاتھی کو آصفجاہ کے امراء نے گھیر لیا۔ لشکر خان نے ناصر جنگ کو اپنے ہاتھی پر بٹھا کر آصفجاہ کے پاس صحیح و سالم لیگئے اس کے بعد وہ نظر بند کر دئے گئے۔

اس زمانہ کی اکثر تاریخیں ان کے تذکرے سے خالی نظر آتی ہیں اور اسی وجہ سے ہم کو ان کے حالات کی تلاش میں زیادہ دقت اور کم کامیابی ہوئی ان کے عہد کے جو کچھ اسناد اور پروانے ملے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ صلابت جنگ کی تخت نشینی سے پیشتر ان کی شخصیت جا مد حیثیت رکھتی تھی البتہ صلابت جنگ کے دوران حکومت میں شیر جنگ نے کاروبار سلطنت میں اچھا حصہ لیا ہے اور مناسب مناصب و خدمات سے سربلند ہوے لیکن ایسے واقعات و کاروبار جن میں وہ مصروف و مشغول رہے ہیں تاریخ میں تفصیل سے نہیں ملتے۔

صلابت جنگ جس وقت علاقہ کرناٹک میں ریاست پر متمکن ہوتے ہیں۔

اس وقت شیر جنگ آصفیہ لشکر میں موجود تھے اور اس امر کا پتہ لگتا ہے کہ صلابت جنگ کی قائم مقامی کے معاملہ میں انہوں نے بڑی جراءت سے کام لیا ہے۔

اس حقیقت سے واقف ہونیکے لئے یہ ضرور ہے کہ اس خانہ جنگی سے کچھ واقفیت حاصل کیجائے جو آصفجاہ کے انتقال کے بعد ان کی قائمقامی کے لئے ان کے ورثاء میں پیدا ہو گئی تھی اور وہ اس طرح ہے:۔

آصفجاہ کے بعد ناصر جنگ ان کے قائم مقام ہوے لیکن ان کے نواسے مظفر جنگ نے ان کی قیادت کو تسلیم نہ کیا اور فوجداری کرناٹک کے دعویدار (چندا صاحب) سے باہمی مصالحت کر کے ناصر جنگ سے مقابلہ کی تجویز کی۔ اس کی اطلاع پر ناصر جنگ اپنی بھاری فوج کے ساتھ ان کی فہمائش کے لئے علاقہ کرناٹک کی طرف روانہ ہوئے۔

بعض عہدہ داروں کی حکمت عملی اور لسّانی کی وجہ سے انہوں نے بہت جلد مظفر جنگ پر قابو پایا۔ اور ان کو نظر بند کر کے اپنے ساتھ لے چلے اس عرصہ میں حسین دوست خان عرف چندا صاحب (دعویدار فوجداری کرناٹک) کی افہام تفہیم پر فرانسیسی گورنر ڈوپلے مظفر جنگ کا طرفدار ہو گیا اس فرانسیسی گورنر کو

یہ توقع پیدا ہوگئی کہ اگر مظفر جنگ مسند ریاست پر متمکن ہو جائیں تو وہ فرانسیسیوں کے حق میں بہت سے رعایات مرعی رکھیں گے اور یہی توقع چند اصاحب کو بھی اپنے نسبت پیدا ہوگئی تھی اس بناء پر ان دونوں نے ناصر جنگ کے خلاف ان کے پٹھان سرداروں کو ورغلانا اور ان کو یہ امید دلائی کہ اگر مظفر جنگ ان کی جگہ تخت نشین ہوں تو ان کو بہت سے فوائد و منافع حاصل ہوں گے۔ چنانچہ اسی توقع میں ان افغان سرداروں نے ناصر جنگ کو شہید کر دیا اور ان کی جگہ مظفر جنگ تخت نشین ہوئے۔ لیکن جب ان پٹھان سرداروں کو ان کے حسب دلخواہ کوئی فائدہ نہیں پہنچا اور نہ فرانسیسیوں نے ان کی کوئی سفارش کی تو وہ ان کے بھی مخالف ہو گئے اور جنگ کے لئے موقع کی تلاش کرنے لگے یہاں تک کہ مظفر جنگ جب اپنی فوج کے ساتھ اپنے مرکز حکومت کی طرف لوٹنے لگے تو خفیہ طور پر یہ منصوبہ قرار دیا کہ ان کی فوج کو رائچوٹی سے آگے بڑھنے نہ دیا جائے اسی کے پاس ایک گھاٹی میں ان سے جنگ کریں اور چھیڑ کے لئے مظفر جنگ کی فوج پر چھاپہ مارنے لگے ایک دفعہ ہمت بہادر خان سردار کرنول کے سپاہی مظفر جنگ کی فرانسیسی فوج کے ارابے اور کچھ سامان لوٹ لے گئے ان کی اس سرزوری پر فرانسیسی سردار موسی بوسی کو طیش آگیا اس نے

مظفر جنگ سے التجا کی کہ۔ ان پٹھانوں سے اس کی نسبت باز پرس کیجائے
انہوں نے اس وقت بلطائف الحیل درگذر کرنا چاہا۔ بوسی کو یہ ناگوار ہوا اس نے
آصفجاہ کے صاحبزادے صلابت جنگ کا ہاتھ پکڑا اور مظفر جنگ سے یہ کہکر
اٹھا کہ "میں ان صاحبزادے کو لیکر حملہ کر دیتا ہوں" جب اس طرح بوسی نے
جنگ کا آغاز کر دیا تو مظفر جنگ بھی میدان جنگ میں نکل آئے۔ اس موقع پر
ایک تو ان کی فوج بھی زیادہ تھی اور دوسرے یہ کہ ان کے ساتھ فرانسیسی باقاعدہ
فوج بھی خاص تعداد میں تھی اور اس کا توپخانہ خاص اہمیت رکھتا تھا جس کے
آگے افغان سرداروں کی پیش نہیں جا سکتی تھی اس لئے پٹھان بھاگ کھڑے
ہوئے۔ لیکن جب دور نکل کر انہوں نے یہ دیکھا کہ مظفر جنگ کی فوج کا اکثر حصہ
ان کے تعاقب میں ہے اور قلب فوج ایک اور جگہ پر ہے تو انہوں نے
معاً اپنا رخ بدل دیا اور راستہ کاٹ کر آناً فاناً قلب پر آگرے جس میں مظفر جنگ
بھی موجود تھے۔ اس کشت و ریز میں مظفر جنگ کا کام تمام ہو گیا۔ لیکن ان کے
دیوان رگھناتھ داس کی ہوشیاری سے میدان مظفر جنگ کی فوج کے ہاتھ رہا اور
باغیوں میں سے دو پٹھان سردار مارے گئے۔ باقی پٹھان فوج بھاگ گئی۔ اس کے
بعد رگناتھ داس نظام علی خان کی خواصی میں آبیٹھے اور ان پر مورچھل جھلنے لگے

جس سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ ان کی جانشینی تسلیم کر لی گئی۔ مگر موسی بوسی جس نے صلابت جنگ کو ہمراہ لیکر جنگ کی ابتدا کی تھی۔ یہ چاہتا تھا کہ مظفر جنگ کے قایم مقام صلابت جنگ ہوں تاکہ اس تصور سے کہ ان کو موسی بوسی کی وجہ سے ریاست ملی وہ اس کے زیر بار احسان رہیں اور ان تمام مراعات کے علاوہ مزید رعایات مرعی رکھیں جو مظفر جنگ نے اس کے اور اس کی قوم کے حق میں جائز قرار دی تھیں۔ رگھناتھ داس کو گمان تھا کہ صلابت جنگ کے رئیس ہونے پر خدمت دیوانی ان سے منتزع ہو جائیگی اس لئے وہ چاہتے تھے کہ اپنا منتخب کردہ شخص رئیس ہو تاکہ وہ ان کی خدمت ان پر بحال رکھے۔ اس موقع پر بقول صاحب گلزار آصفیہ شیر جنگ نے کہا۔

"باوصف[1] بودن برادر بزرگ برادر خرد را برسر سلطنت نشانیدن خلاف آئین خاندان آصفیہ است"

اور آگے بڑھ کر صلابت جنگ کو نذر دی جن کی اتباع اور امرائے نے بھی کی۔ رگھناتھ داس کی تسلی اس طرح کر دیگئی کہ ان کے رئیس ہونیکے بعد بھی وہی دیوان قرار دئے گئے لیکن اس واقعہ کو صاحب تاریخ ظفرہ نظام علی خان سے

---

[1] گلزار آصفیہ صفحہ ۱۱۸

متعلق کر کے لکھتا ہے کہ انہوں نے کہا۔

"نواب میر سید محمد خان بہادر صلابت جنگ از ما بعمر بزرگ ہستند[1] ریاست بذاتِ ایشان سزاوار است"

ممکن ہے کہ اس تخیل کو پہلے پہل شیر جنگ نے ہی نظام علیخاں کے ذہن نشین کیا ہو۔ بہرحال یہ امر مسلم ہے کہ اس موقع پر فرانسیسی قوت بڑھی ہوئی تھی اور اس اعتبار سے ان کے مفاد کو نظر انداز کرنے میں قباحتیں تھیں اور اپنی قوت کے ساتھ موسی بوسی کو یہ نہایت آسان تھا کہ امرائے ریاست میں سے بعض کو اپنے ساتھ متفق کرلے اس امر کے مدنظر اگر موسی بوسی نے اور امرا کے منجملہ شیر جنگ کو بھی اپنا مؤید بنایا ہو تو کچھ عجب نہیں اور بمقتضائے وقت ممکن ہے کہ انہوں نے دوسرے امرا کے خیال کے خلاف اپنا وہ خیال ظاہر کیا ہو جس کا ذکر صاحب گلزار آصفیہ نے کیا ہے۔

صلابت جنگ کی تخت نشینی کے بعد شیر جنگ کے مدارج میں درجہ بدرجہ ترقی ہوتی رہی جسکو لازماً ان کی اس جرأت کا نتیجہ سمجھا جا سکتا ہے جو صلابت جنگ کی قایم مقامی کی نوبت پر اُن سے ظہور میں آئی تھی۔ پونہ کی مہم سے فارغ ہو کر جب

---

[1] تاریخ ظفرہ صفحہ ۱۲۰

صلابت جنگ حیدرآباد لوٹے تو اس مہم کی بخیر خوبی و فتح و نصرت انجام پانیکی خوشی میں جہاں اورامرا کے خدمات اور عہدوں میں تبدل و سرفرازیاں ہوئیں وہاں ان کو بھی ایک جاگیر سرفراز ہوئی۔ اُن کے جتنے اسنادہمیں دستیاب ہوے ہیں:۔ (اور جن کو ہم نے علی التسلسل ضمیمہ ج ہیں نقل کیا ہے) اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ان کی سب سے پہلی جاگیر تھی جو ان کو ۱۱۶۶ھ ہجری میں فاضل بیگ خان کے انتقال کی وجہ سے پرگنہ رائچور میں ملی۔ (ملاحظہ ہو سند نمبر(۲) مندرجہ ضمیمہ ج رلجہ رگھناتھ داس دیوان کے قتل ہونیکے بعد خدمت وکالت و دیوانی سید لشکر خان رکن الدولہ کے سپرد ہوئی تھی اور اُن کے ہواخواہ صف شکن خان المخاطب بہ عبدالحسین خان ۱۱۶۶ھ ہجری میں دیوانی سرکار پر مامور ہوئے تھے۔ دو ہی سال بعد طلب تنخواہ اور بعض امور کی بنا، پر جب لشکر خان اور موسی بوسی میں کشیدگی پیدا ہو گئی اور لشکر خان کو اپنی خدمت سے سبکدوش ہونا پڑا تو ان کے ساتھ ان کے ہواخواہوں کا طبقہ بھی الٹ دیا گیا۔ انہیں لوگوں میں صف شکن خان مذکور بھی تھے ان کی جگہ پر صلابت جنگ نے شیر جنگ کو مامور کیا۔ لشکر خان رکن الدولہ کی جگہ صمصام الدولہ شاہنواز خان وکیل مطلق و مدار المہام ہوئے۔ یہ ناصر جنگ شہید کے خیر خواہوں سے تھے جن کی شہادت کے بانی مبانی

شاہنواز خان مذکور کی دانست میں فرانسیسی ہی تھے اور فرانسیسیوں کے ہی خواہ اور حلیف مظفر جنگ کو انہیں شاہنواز خان نے ناصر جنگ کے قبضۂ قدرت میں پہنچایا تھا ان وجوہ سے ممکن نہ تھا کہ وہ فرانسیسیوں سے موافقت رکھ سکتے چنانچہ مدار المہامی سے سرفراز ہونے کے تھوڑے ہی عرصہ بعد ان سے مخالفت ظاہر ہوگئی شاہنواز خان دراصل چاہتے یہ تھے کہ فرانسیسیوں کو صلابت جنگ کے دربار اور ان کے ممالک محروسہ سے باہر نکال کر اپنے شہید مربی (ناصر جنگ) کا انتقام لے لیں۔ اپنی اس غرض کی تکمیل میں انہوں نے یہ کوشش کی کہ پہلے ریاست کے امرا اور حاشیہ کو اپنے موافق کرلیں اور جن جن کو اپنا ہم خیال نہ پائیں خدمتوں سے علحدہ کرا دیں بدقسمتی سے انہیں متذکرہ مابعد اصحاب میں شیر جنگ بھی تھے۔ ان کی تحریک پر صلابت جنگ نے خدمت دیوانی سرکار سے ان کو علحدہ کردیا جس کو وہ ایک سال سے زیادہ عرصہ سے انجام دیرہے تھے اور ان کی جگہ ابوالفخر خان کا تقرر ہوا۔

اس کے بعد دو تین سال تک کے واقعات تاریخی نہایت اہم اور منصوبوں سے بھرے ہوے ہیں ان میں سے پہلا واقعہ جنگ ساونور کا ہے جس میں صلابت جنگ نے بالاجی راؤ کو مدد دی ہے۔ اسی جنگ میں ان کی ملازم فرانسیسی فوج کو

جس سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ ان کی جانشینی تسلیم کرلی گئی۔ مگر موسی بوسی جس نے صلابت جنگ کو ہمراہ لیکر جنگ کی ابتدا کی تھی۔ یہ چاہتا تھا کہ مظفر جنگ کے قایم مقام صلابت جنگ ہوں تاکہ اس تصور سے کہ ان کو موسی بوسی کی وجہ سے ریاست ملی ہے اس کے زیر بار احسان رہیں اور ان تمام مراعات کے علاوہ مزید رعایات مرعی رکھیں جو مظفر جنگ نے اس کے اور اس کی قوم کے حق میں جائز قرار دی تھیں۔ رگھناتھ داس کو گمان تھا کہ صلابت جنگ کے رئیس ہونے پر خدمت دیوانی ان سے منتزع ہو جائیگی اس لئے وہ چاہتے تھے کہ اپنا منتخب کردہ شخص رئیس ہو تاکہ وہ ان کی خدمت ان پر بحال رکھے۔ اس موقع پر بقول صاحب گلزار آصفیہ شیر جنگ نے کہا۔

"باوصف[1] بودن برادر بزرگ برادر خرد را بر سریر سلطنت
نشانیدن خلاف آئین خاندان آصفیہ است"

اور آگے بڑھ کر صلابت جنگ کو نذر دی جن کی اتباع اور امرائے نے بھی کی۔ رگھناتھ داس کی تسلی اس طرح کردیگئی کہ ان کے رئیس ہونیکے بعد بھی وہی دیوان قرار دئے گئے لیکن اس واقعہ کو صاحب تاریخ ظفرہ نظام علی خان سے

---

[1] گلزار آصفیہ صفحہ ۱۲۸

متعلق کر کے لکھتا ہے کہ انہوں نے کہا۔

"نواب میر سید محمد خان بہادر صلابت جنگ از ما بعمر بزرگ تر متمند[1]

ریاست بذاتِ ایشان سزاوار است"

ممکن ہے کہ اس تخیل کو پہلے پہل شیر جنگ نے ہی نظام علیخاں کے ذہن نشین کیا ہو۔ بہرحال یہ امر مسلم ہے کہ اس موقع پر فرانسیسی قوت بڑھی ہوئی تھی اور اس اعتبار سے ان کے مفاد کو نظر انداز کرنے میں قباحتیں تھیں اور اپنی قوت کے ساتھ موسی بوسی کو یہ نہایت آسان تھا کہ امرائے ریاست میں سے بعض کو اپنے ساتھ متفق کر لے اس امر کے مدنظر اگر موسی بوسی نے اور امرا کے منجملہ شیر جنگ کو بھی اپنا مؤید بنایا ہو تو کچھ عجب نہیں اور بمقتضائے وقت ممکن ہے کہ انہوں نے دوسرے امرا کے خیال کے خلاف اپنا وہ خیال ظاہر کیا ہو جس کا ذکر صاحب گلزار آصفیہ نے کیا ہے۔

صلابت جنگ کی تخت نشینی کے بعد شیر جنگ کے مدارج میں درجہ بدرجہ ترقی ہوتی رہی جسکو لازماً ان کی اس جرأت کا نتیجہ سمجھا جا سکتا ہے جو صلابت جنگ کی قایم مقامی کی نوبت پر اُن سے ظہور میں آئی تھی۔ پونہ کی مہم سے فارغ ہو کر جب

---

[1] تاریخ ظفرہ صفحہ ۱۲۰

صلابت جنگ حیدر آباد لوٹے تو اس مہم کی بخیر خوبی و فتح و نصرت انجام پانیکی خوشی میں جہاں اور امرا کے خدمات اور عہدوں میں تبدل و سرفرازیاں ہوئیں وہاں ان کو بھی ایک جاگیر سرفراز ہوئی۔ اُن کے جتنے اسناد ہمیں دستیاب ہوے ہیں (اور جن کو ہم نے علی التسلسل ضمیمہ ج میں نقل کیا ہے) اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ان کی سب سے پہلی جاگیر تھی جو ان کو ۱۱۶۶ھ ہجری میں فاضل بیگ خان کے انتقال کی وجہ سے پرگنہ رائچور میں ملی۔ (ملاحظہ ہو سند نمبر (۲) مندرجہ ضمیمہ ج) رگھناتھ داس دیوان کے قتل ہونیکے بعد خدمت وکالت و دیوانی سید لشکر خان رکن الدولہ کے سپرد ہوئی تھی اور اُن کے ہواخواہ صف شکن خان المخاطب بہ عبدالحسین خان ۱۱۶۶ھ ہجری میں دیوانی سرکار پر مامور ہوئے تھے۔ دو ہی سال بعد طلب تنخواہ اور بعض امور کی بنا، پر جب لشکر خان اور موسی بوسی میں کشیدگی پیدا ہوگئی اور لشکر خان کو اپنی خدمت سے سبکدوش ہونا پڑا تو ان کے ساتھ ان کے ہواخواہوں کا طبقہ بھی الٹ دیا گیا۔ انہیں لوگوں میں صف شکن خان مذکور بھی تھے ان کی جگہ پر صلابت جنگ نے شیر جنگ کو مامور کیا۔ لشکر خان رکن الدولہ کی جگہ صمصام الدولہ شاہنواز خان وکیل مطلق و مدار المہام ہوئے۔ یہ ناصر جنگ شہید کے خیر خواہوں سے تھے جن کی شہادت کے بانی مبانی

شاہنواز خان مذکور کی دانست میں فرانسیسی ہی تھے اور فرانسیسیوں کے ہی خواہ اور حلیف مظفر جنگ کو انہیں شاہنواز خان نے ناصر جنگ کے قبضۂ قدرت میں پہنچایا تھا ان وجوہ سے ممکن نہ تھا کہ وہ فرانسیسیوں سے موافقت رکھ سکتے چنانچہ مدار المہامی سے سرفراز ہونے کے تھوڑے ہی عرصہ بعد ان سے مخالفت ظاہر ہو گئی شاہنواز خان دراصل چاہتے یہ تھے کہ فرانسیسیوں کو صلابت جنگ کے دربار اور ان کے ممالک محروسہ سے باہر نکال کر اپنے شہید مربی (ناصر جنگ) کا انتقام لے لیں۔ اپنی اس غرض کی تکمیل میں انہوں نے یہ کوشش کی کہ پہلے ریاست کے امرا اور حاشیہ کو اپنے موافق کر لیں اور جن جن کو اپنا ہم خیال نہ پائیں خدمتوں سے علٰحدہ کرا دیں بدقسمتی سے انہیں متذکرہ مابعد اصحاب میں شیر جنگ بھی تھے۔ ان کی تحریک پر صلابت جنگ نے خدمت دیوانی سرکار سے ان کو علٰحدہ کر دیا جس کو وہ ایک سال سے زیادہ عرصہ سے انجام دے رہے تھے اور ان کی جگہ ابو الفخر خان کا تقرر ہوا۔

اس کے بعد دو تین سال تک کے واقعات تاریخی نہایت اہم اور منصوبوں سے بھرے ہوئے ہیں ان میں سے پہلا واقعہ جنگ ساونور کا ہے جس میں صلابت جنگ نے بالاجی راؤ کو مدد دی ہے۔ اسی جنگ میں ان کی ملازم فرانسیسی فوج کو

برطرف کرانیکے لئے سازش کی گئی اور اس میں فرانسیسیوں کے مخالفین کو کامیابی بھی ہوئی لیکن فرانسیسی فوج کے عہدہ دار موسی بوسی نے احکام برطرفی کی عدم متابعت کر کے حیدر آباد پر قبضہ کرلیا اور صلابت جنگ کی فوج سے مقابلہ کی ٹھان لی۔ اس عارضی کامیابی کے دوران میں فرانسیسیوں کے مخالفین نے صلابت جنگ جیسے کمزور طبع رئیس سے متعدد کام اپنے حسب دلخواہ بنالیئے دو ڈھائی مہینے کی مخالفت کے بعد صلابت جنگ نے موسی بوسی سے مصالحت کرلی جس کے بعد پھر فرانسیسی قوت کو زور ہوا۔ یہانتک کہ سِندکھیڑ کی جنگ کے زمانہ میں صمصام الدولہ شاہنواز خان اور نظام علی خان نے ان کے خلاف بڑی کوشش کی یہ دوسرا واقعہ ہے۔

اس کوشش میں پہلے پہل نظام علی خان کو ناکامی اور پھر کامیابی ہوئی اس تدبیر و سعی میں موسی بوسی کا دیوان حیدر جنگ (جس نے معاملات ریاست میں بہت دخل پیدا کیا تھا) نظام علی خان کے منصوبہ کے موافق قتل ہو گیا جس کے انتقام میں ان کے طرفدار شاہنواز خان کو بوسی نے شہید کرا دیا۔ اورنگ آباد میں حیدر جنگ کا قتل ہو چکنے کے بعد نظام علی خان بُرہان پور چلے گئے۔ صلابت جنگ نے اپنی فرانسیسی فوج کے ساتھ ان کا تعاقب کیا لیکن دو ہی روز میں تھک گئے۔

اورموسی بوسی کے مشورے پر حیدرآباد کی طرف لوٹے کہ اُن دنوں انگریزی کمپنی والے
فرانسیسیوں کو سرکاران شمالی اور علاقہ کرناٹک میں برابر دباتے جارہے تھے اور
فرانسیسی گورنر موسی لالی کو اپنے علاقہ میں بوسی کے خدمات کی ضرورت تھی اس لئے
وہ اس کو طلب کررہا تھا اس بناء پر موسی بوسی یہ چاہتا تھا کہ صلابت جنگ کو
اورنگ آباد میں چھوڑ نیکے عوض حیدرآباد میں چھوڑے اور خود اپنے علاقہ سرکاران
شمالی اور وہاں سے علاقہ کرناٹک کی طرف متوجہ ہوتا کہ وقت ضرورت صلابت جنگ
سے مدد طلب کرنے میں اس کو آسانی ہو اور اسی طرح ان کو بھی اپنی طرف سے
مدد پہنچانے میں تعویق ہونے نہ پائے ۔ ماہ ذیقعدہ ۱۱۷۱ھ ہجری میں صلابت جنگ
حیدرآباد پہنچے یہاں سے بوسی اپنی فوج لیکر فرانسیسی مقبوضات کی طرف روانہ
ہوگیا صلابت جنگ نہایت کمزور رئیس تھے ۔ حیدر جنگ کے ہلاک ہونے اور
بوسی کے چلے جانیکی وجہ سے وہ اپنے آپ کو بے یارومددگار تصور کرنے لگے
تھے ۔ گو اس موقع پر وہ اپنے بھائی بسالت جنگ کو معاملات میں شریک مصلحت
کرتے تھے لیکن ان کی کم عمری کی وجہ سے ریاست کے اہم کاروبار کا بوجوہ احسن
چلنا ان سے بھی ممکن نہیں تھا ۔ اس لئے انہوں نے ۱۱۷۲ھ ہجری کے آغاز
ہی میں نثیر جنگ کو دیوان دکن کی اہم خدمت سے سرفراز کرکے ان سے

مدارالمہامی کے اعلیٰ خدمات لینے لگے جس کے متعلق کوئی فرمان یا حکم نہیں ملا اور نہ کسی تاریخ میں اس کا ذکر آیا ہے البتہ اُن کے بعض ایسے احکام یا اسناد دیکھنے میں آئے ہیں جو انہوں نے مدارالمہامی کی حیثیت سے جاری کئے صلابت جنگ نے ان کو ۱۹ شعبان المعظم سنہ ۶ جلوس عالمگیر ثانی مطابق سنہ ۱۱۷۲ ہجری میں پرگنہ دوندگل سے عطائے جاگیر کی ایک سند دی ہے۔ اس میں ان کے نام کے ساتھ اس عہدہ کی صراحت کی گئی ہے جو ان کی اس خدمت کے متعلق صریحی دلیل ہے اس کے الفاظ یہ ہیں۔

"مبلغ ہشت لک و نود و شش ہزار دام از پرگنہ مذکور (دوندگل)
از محال نواب مغفرت مآب حسب الضمن بطریق عہدہ بجاگیر
شہامت و وزارت مرتبت بسالت و ابہت منزلت
مدارالمہامی نیر الدولہ حیدر یار خان بہادر شیر جنگ تنخواہ شدہ"

اس زمانہ میں جبکہ صلابت جنگ حیدرآباد میں فروکش تھے فرانسیسیوں نے انگریزوں کے مقابلہ میں ان سے کمک طلب کی جس پر وہ اپنی فوج لیکر مچھلی پٹن کی طرف روانہ ہوئے لیکن قبل اس کے کہ وہ ان کو مدد پہنچائیں فرانسیسی شکست پا چکے تھے اب انہوں نے مجبوراً انگریزوں سے صلح کرلی تاکہ اپنے بھائی

نظام علی خان کے مقابلے میں ان سے مدد حاصل کر سکیں اور بعد مصالحت جب انہوں نے انگریزوں سے استمداد کی تو انہوں نے انکار کر دیا اس دوران میں صلابت جنگ کو یہ اطلاع ملی کہ نظام علی خان حیدر آباد کی طرف بڑھ رہے ہیں اس پر صلابت جنگ بھی حیدر آباد کی طرف لوٹے لیکن قبل اس کے کہ یہ حیدر آباد پہنچیں نظام علی خان وہاں پہنچ گئے تھے یہ مضافات بلدہ میں پہنچے تو نظام علی خان ان کے استقبال کو آئے اور ان کو اپنے ساتھ لیکر حیدر آباد میں داخل ہوے اب کاروبار ریاست میں انہوں نے نظام علی خان کو اپنا شریک کر لیا۔

سنہ ۱۱۷۳ ہجری میں زمیندار نرمل نے سرتابی کی تھی اس کی سزا کے لئے دونوں بھائی (صلابت جنگ و نظام علی خان) اس کی طرف متوجہ ہوے۔ اسی مہم میں ان کو بالکنڈہ کے مقام پر یہ پتا لگا کہ بالاجی راؤ کے مرہٹہ سردار بڑی فوج کے ساتھ حیدر آباد پر یورش کا قصد رکھتے ہیں۔ اس خبر سے مطلع ہو کر وہ زمیندار نرمل سے صلح کر کے بغرض مدافعت قلعہ اودگیر کی طرف روانہ ہوے۔

یہاں سداسیو راؤ بھاؤ کے تحت مرہٹہ فوج کثیر تعداد میں جمع ہو چکی تھی۔ اس لئے نظام علی خان نے یہ خیال کیا کہ بجائے اس کے کہ اسی مقام پر غنیم سے مقابلہ کیا جائے راستہ کاٹ کر اپنے علاقہ کے قلعہ اوسہ پر سے قلعہ دھارور کو

پہنچ جائیں کہ ایک تو قلعۂ اوسہ اور قلعۂ دھارور کی جمع شدہ افواج سے ان کی قوت میں کافی طور پر اضافہ ہو جائے گا اور دوسرے یہ کہ پونہ وہاں سے نزدیک ہونیکے باعث مرہٹے اس خطرے سے کہ کہیں سرکار عالی کی فوج پونہ پر حملہ آور نہ ہو جائے ممالک محروسہ میں دست برد سے باز آکر اپنے علاقہ کی طرف مراجعت کر جائینگی نظام علی خان کے ایماء کے موافق سرکار عالی کی فوج وہاں سے نکل کر اوسہ تو پہنچ گئی لیکن وہاں سے دھارور نہ پہنچ سکی۔ راستہ میں مرہٹہ فوج سے بڑا مقابلہ ہوا۔ سرکار عالی کی فوج ساقہ کو بُری طرح نقصان پہنچا جس سے صلابت جنگ متاثر ہو گئے اور صلح کے لئے مرہٹوں سے سلسلہ جنبانی کر دی کہا یہ جاتا ہے کہ نظام علیخان صلح سے ناراض تھے اور چاہتے یہ تھے کہ دھارور پہنچکر وہاں کی تازہ دم فوج سے ملحق ہو جائیں اور پھر مرہٹوں سے اچھی طرح مقابلہ کریں لیکن صلابت جنگ نے اس سے اتفاق نہ کیا اور نظام علی خان کے منشاء کے خلاف حیدر یار خان شیر جنگ کو متصدیوں کے ساتھ صلح کی غرض سے مرہٹوں کے لشکر میں بھیجدیا۔ جس پر انہوں نے حسب دلخواہ شرائط پیش کئے جن کی رو سے قلعہ آسیر و قلعہ دولت آباد و برہان پور و خاندیس وغیرہ جملہ محالات محاصلی ساٹھ لاکھ روپیہ علاقہ سرکار عالے سے خارج ہو گئے اس امر کی نسبت کہ یہ صلح کس کے ذریعہ تکمیل پائی مورخین میں

باہم اختلاف ہے ۔ صاحب مآثر آصفی کا بیان ہے کہ یہ راجہ پرتاب ونت کے ذریعہ طے ہوئی صاحب توزک آصفیہ کہتا ہے کہ اس کی تکمیل سہراب جنگ اور راجہ پرتاونت کے توسل سے ہوئے صاحب حدیقۃ العالم صرف سہراب جنگ کا نام لیتا ہے ممکن ہے کہ سہراب جنگ اور راجہ پرتاب ونت ہی کے ذریعہ شرائط صلح کا تصفیہ ہوا ہو اور اس کے بعد صلابت جنگ نے اپنی صوابدید سے شیر جنگ کو تکمیل و تعمیل شرائط صلح کے لئے اپنی طرف سے مامور کیا ہو۔ جیسا کہ صاحب تاریخ ظفرہ[1] کہتا ہے بہرحال اس صلح سے شیر جنگ اپنی اُن جاگیرات سے محروم ہوگئے جو علاقہ اورنگ آباد وغیرہ میں پرگنہ ہرسول اور والواج میں تھیں اور چونکہ شرائط کی قرارداد سہراب جنگ اور راجہ پرتاب ونت کے ذریعہ ہوئی تھی اس لئے شیر جنگ کو اس تصور کی گنجایش تھی کہ ان شرائط کے تعین میں سہراب جنگ نے اپنے مخالفین (جن میں ایک شیر جنگ بھی تھے) کی جاگیرات کا کوئی لحاظ نہیں رکھا اس صلح نامہ کے بعد جب شیر جنگ کی جاگیرات مرہٹوں کے سپرد ہوگئیں تو ان کو اُن جاگیرات

---

[1] تاریخ ظفرہ صفحہ (۱۴۰)

معاوضہ کے نسبت معروضہ کرناپڑا جس پر صلابت جنگ نے ۳۔جمادی الآخر سنہ ۱۱۷۳ھ کو پرگنہ دوندگل سے جس میں ان کی اور جاگیرات بھی تھیں نو لاکھ پینتالیس ہزار آٹھ سو دام کی جاگیر معاوضتہً سرفراز کی۔

اودگیر کی صلح کے بعد صلابت جنگ حیدرآباد کی طرف لوٹے اور نظام علیخان اثنائے راہ سے مچھلی پٹن اور راجمندری روانہ ہوئے کہ اُدھر کے زمیندار سرکار عالی سے منحرف ہوکر انگریزی کمپنی سے مل گئے تھے اور کمپنی والے اس علاقہ پر قابض ومتصرف ہوگئے تھے اور یہ باور کرتے تھے کہ ان کو صلابت جنگ کے اُس عہدنامہ کی رو سے جو کچھ عرصہ قبل ان کے اور کرنل فورڈ کے مابین طے ہوا تھا اس حصہ اراضی پر قابض رہنے کا حق پیدا ہوگیا ہے اور اس قبضہ کی نسبت انہوں نے کسی کمک یا پیشکش کی ادائی اپنے اوپر لازم قرار نہیں دی تھی۔ اودگیر کی مہم سے فارغ ہوکر نظام علی خان ادہر متوجہ ہوے۔ لیکن ان کے ادہر جانیکے بعد صلابت جنگ کے ہواخواہوں کو موقع ملا کہ ان کو نظام علی خان سے بدظن کرادیں۔ چنانچہ ان کی ترغیب پر صلابت جنگ نے نظام علی خان کو ان کی خدمت وکالت مطلق سے علیحدہ کردیا اور ان کے عوض مبارز خان کے فرزند حامد اللہ خان مبارز الملک کو اس خدمت سے سرفراز کردیا اور چونکہ مہر نیابت نظام علی خان کے پاس تھی۔ حامد اللہ خان



ڈیوڑھي واقع اورنگ آباد

کے لئے ایک نئی مہر کندہ کرائی گئی۔ حامد اللہ خان کاروان اور تجربہ کار آدمی نہیں تھے اس لئے کاکا داس مخاطب بہ راجہ رتن چند اور شیر جنگ کے مشورے پر چلنے لگے جب اس کی اطلاع نظام علی خان کو ہوئی تو ان کو اس امر کا یقین ہوگیا کہ یہ انہیں امراکی کارستانی ہے جو حامد اللہ خان کے پردے میں دیوانی کا کام کر رہے ہیں۔ لیکن صاحب مآثر آصفی اس معاملہ میں کئی امرا کا نام لیتا ہے چنانچہ اس کے الفاظ یہ ہیں۔

"شیر جنگ پیش ازیں بدیوانی دکن سرفراز شدہ و مہر صلابت جنگ[1] مجدداً کندہ کنانیدہ بہ اتفاق رائے رایان سنبھو لال و حمید اللہ خان دیوان سرکار و لچھمن راو کھنڈا کلہ مختار جمیع امور شدہ بود۔"

بہرحال نظام علی خان یہ اطلاع پاکر فوراً واپس ہوئے۔ اور صلابت جنگ سے ملکر بہت کچھ کہا سنا اور مہر ان کو واپس کر دی صلابت جنگ نے نظام علی خان کے پاس خاطر سے خدمت وکالت سے حامد اللہ خان کو علحدہ کر دیا اور رتن چند کو بھی خدمت سے برطرف کر کے قید کر دیا۔ اگر اس موقع پر شیر جنگ پیش بینی اور ہوشیاری کو کام میں نہ لاتے تو ممکن تھا کہ وہ بھی محبوس کر دئے جاتے وہ صورت

---

[1] مآثر آصفی حصہ دوم ورق ۵۶

واقعات کو دگرگوں پا کر قبل از قبل پیشوا کے علاقہ میں چلے گئے اور پونہ کو اپنا مسکن بنایا۔ یہ امر کہ انہوں نے دوسرے مقامات کے مقابلہ میں پونہ کی سکونت کو کیوں ترجیح دے۔ محتاج تصریح نہیں ہے کہ وہ پہلے ہی سے پیشوا اور مرہٹہ سرداروں کے روشناس تھے اور ان سے ایک عرصہ کے تعلقات کی بناء پر ان کو اس امر کا یقین تھا کہ پھر صلابت جنگ اور نظام علی خان کی خدمت میں حاضر ہونے اور ان کی خوشنودی حاصل کرنے میں مرہٹہ سرداران کی مدد و سفارش کریں گے اور ان کو بہت جلد اپنے وطن مالوفہ میں اپنے آقا کی رضامندی کے ساتھ جا رہنے کا موقع ملے گا لیکن ان کے پونہ جانیکے بعد بالاجی راؤ کے انتقال سے مرہٹے خود اپنے معاملات میں سرگرم ہو گئے اس وجہ سے ان کو بہت عرصہ تک کوئی موقع نہیں ملا۔ اور ادہر صلابت جنگ نے خود اپنے آپ کو متلون المزاج بنا رکھا تھا کبھی وہ نظام علی خان کے ساتھ تھے تو کبھی بسالت جنگ کے ہمراہ اور کبھی بعض امیروں کے منشاء پر کاربند ہو جاتے تھے۔ چنانچہ ان کے اسی تلون کی بناء پر آخر ۱۱۷۵ھ ہجری میں ان کو قلعہ بیدر میں منزوی کر کے مسند ریاست پر نظام علی خان آپ متمکن ہوے انہوں نے زمام ریاست اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد شیر جنگ کی جاگیرات کو ضبط کر لیا اور ان کی واگذاشت کا حکم اس وقت تک نہ ہوا جب تک کہ

وہ پونہ سے آکر حضور میں باریاب نہ ہوے۔ یہ ظاہر ہے جو زمانہ کہ شیر جنگ نے پونہ میں گذارا ان کی زندگی کا خراب زمانہ تھا کہ نظام علی خان جیسے رئیس کے بگڑنے کی وجہ سے ان کو ممالک محروسہ سے باہر جا رہنا پڑا تھا اور پونہ میں جب پہنچ چکے تو وہاں پیشوا بالاجی راؤ کے انتقال کی وجہ ان کی قایم مقامی اور ان کے کمسن لڑکے کی ولایت و سرپرستی کے متعلق مرہٹہ سرداروں میں مخالفتیں پھیل گئی تھیں اس لئے وہ وہاں بھی کچھ چین اور آرام کے ساتھ نہیں رہ سکے اور جو کچھ ایام وہاں گذارے بدامنی تکلیف اور اس کوشش میں گذارے کہ کسی طرح نظام علی خان کی خوشنودی حاصل کریں اور وہ ممالک محروسہ میں آرہنے کی ان کو اجازت دیدیں اس کا موقع ان کو اس وقت تک نہ ملا جب تک کہ راکس بھون کے گھاٹ پر نظام علی خان کی فوج اور مرہٹوں کا مقابلہ نہ ہوا جس کی تفصیل یہ ہے:۔

جنگ راکس بھون

۱۱۷۶ھ ہجری میں پونہ پر حملہ کرنے اور اس کو جلانیکے بعد نظام علیخان بیدر کی طرف واپس ہوے راستے میں ان کو یہ اطلاع ملی کہ رگھناتھ راؤ جو حیدرآباد پہنچکر اس کا محاصرہ کئے ہوئے تھا بے نیل مرام وہاں سے لوٹا اور علاقہ سرکار عالی کو لوٹتا اور تباہ کرتا احمدنگر کی طرف واپس ہو رہا ہے۔ جانوجی کے مشورے پر

بندگان عالی نے یہ تصفیہ کیا کہ بیدر جانے کے بجائے اورنگ آباد ہی میں ٹھہریں
اور اس غرض سے اس طرف روانہ ہوئے اور دریائے گوداوری کے کنارے
راکس بھون کے گھاٹ پر پہنچے۔ یہاں نظام علی خان اپنے محلات اور کارخانوں
اور فوج کے کچھ حصہ کے ساتھ پہلے دریا پار ہوئے جس سے ان کی فوج کے
دو حصے ہو گئے ایک تو وہ جو ادھر کے کنارے پر رئیس کے ساتھ پہنچ گیا تھا۔
اور دوسرا وہ جو ادھر کے کنارے پر دیوان وقت راجہ پرتاب ونت کے ساتھ
رہ گیا تھا۔ اس کی اطلاع پاکر رگناتھ راؤ راجہ پرتاب ونت پر ٹوٹ پڑا جانوجی نے
جو اب تک نظام علی خاں کے ساتھ تھا اس موقع پر رگھناتھ راؤ سے خفیہ
ساز باز کرلی اور اپنی فوج کو لیکر راجہ پرتاب ونت سے علیحدہ ہو گیا۔ اس مقابلہ
میں قریب تھا کہ راجہ بہادر کو کامیابی ہو کہ عین اس وقت مراد خان (جس کی
چالبازیوں اور کارگزاریوں سے نظام علی خان اس سے بہت خوش تھے اور
اسی بناء پر راجہ بہادر اور مراد خان میں باہمی چشمک پیدا ہو گئی تھی) کے ایما سے
اس کے ایک آرڈرلی نے راجہ بہادر کے گولی ماردی اور وہ عین میدان جنگ
میں ہلاک ہو گئے جس سے سرکار عالی کی فوج کو شکست ہوئی۔ امرائے بندگانعالی
میں سے جو اس موقع پر شریک جنگ تھے کچھ تو کام آ گئے اور کچھ اسیر ہو گئے۔



آئینہ خانہ اورنگ آباد

اور جو کچھ ان کے علاوہ رہ گئے تھے وہ فرار ہو گئے۔

ان آخری لوگوں میں موسیٰ خان رکن الدولہ بھی تھے جو راکس بھون سے بیک جامہ و دستار نکل کر پونہ پہنچے اور شیر جنگ کے پاس اقامت گزیں ہوئے یہاں یہ مطلق سمجھ میں نہیں آتا کہ موسیٰ خان کو اس موقع پر پونہ کی طرف نکل جانیکی کیا وجہ ہوئی۔ اگر وہ مرہٹہ سردار کے خوف سے فرار ہوئے تھے تو یہ ممکن تھا کہ ممالک محروسہ میں ہی کسی علاقہ کی طرف نکل جاتے یا یہ کہ نہایت آسانی کے ساتھ دریائے گوداوری کو عبور کر کے نظام علیخان کی خدمت میں حاضر ہو جاتے مضافات میں اور بہت سے علاقے اور قلعے ایسے تھے جو نظام علی خان کے زیر اثر تھے اور وہاں کے قلعداران کا خوشی سے استقبال کرتے۔ بہرحال نظام علی خان کو جب اپنی فوج کی شکست کی اطلاع ملی تو وہ راست اورنگ آباد چلے گئے وہاں پہنچکر انہوں نے راجہ پرتاب ونت کے پوتے جمنا راجہ کو خدمت دیوانی سے سرفراز کیا لیکن یہ ابھی کم سن تھے اس لئے ان سے خدمت اچھی طرح ادا نہ ہو سکتی تھی۔ نظام علی خان یہ چاہتے تھے کہ کسی دیرینہ کار کا تقرر ان کی جگہ کریں شیر جنگ نے اس موقع کو غنیمت تصور کر کے یہ قرار داد کی کہ موسیٰ خان چونکہ بندگانعالی کے مقربین سے تھے دیوانی کی خدمت کے لئے ان کا انتخاب ہو اور

موسیٰ خان سے یہ تصفیہ کیا کہ اس سعی کے صلے میں اپنے دیوان ہونیکے بعد وہ کوشش کر کے شیر جنگ کو بلدہ حیدر آباد میں طلب کریں اور ان کی نسبت بندگانعالی کو جو غلط فہمی یا سوء ظنی پیدا ہو گئی تھی اس کو رفع کر کے باریاب کرائیں چنانچہ لچھمی نارائن شفیق نے اس واقعہ کو حسب ذیل الفاظ میں ظاہر کیا ہے۔

"شیر جنگ[1]۔ آمدن میر موسیٰ خان با دوگوش و بینی غنیمت پنداشتہ بتواضع تمام پیش آمدہ باتفاق محمد مراد خان بنائے صلح گذاشت واز شروط صلح این ہم قرار داد کہ بجائے راجہ پرتاب ونت از انتقالش میر موسیٰ خان مدار کار شود واز میر موسیٰ خان کہ ناآزمودہ کار وسید صاف طینت و مقرب الحضرت بندگانعالی بود۔ عہود و مواثیق مضبوط کرد کہ ہرگاہ ازین جا مخلصی یافتہ بحضور رود و بر مدار المہامی مامور شود عفو تقصیرات شیر جنگ کنانیدہ از جانب مرہٹہ طلب داشتہ دخیل امور جزو کل سازد۔ میر موسیٰ خان از آن حالت کہ زندگانی خود دشوار می دانست منصب جلیل القدر مدار المہامی زیادہ از حوصلہ خود تصور کردہ با شیر جنگ عہد کرد کہ ما بجائے پسر شما ئیم و زندگی ما محض بتوجہ شما می شود چہ جائے

[1] مآثر آصفی جلد دوم ورق (۶۵)

بہ این مرتبہ بلند سرفرازی فرمایند مار ابجز نام و فرمان بری دیگر نخواہد بود...“

اس قول و قرار کے بعد شیر جنگ نے مراد خان کے ذریعہ اس کی کوشش کی جس پر بندگانعالی نے ان کو رکن الدولہ احتشام جنگ کے خطاب اور خلعت مدار المہامی سے سرفراز فرمایا۔

دیوانی سے سرفراز ہونیکے بعد حسب قرارداد رکن الدولہ نے سب سے پہلے اس امر کی کوشش کی کہ غفران مآب کے دل سے اس سوء ظنی کو رفع کریں جو شیر جنگ کی نسبت ان کو پیدا ہوگئی تھی۔ آخر اس میں ان کو کامیابی ہوئی اور شیر جنگ پونہ سے طلب کئے گئے اور انہیں کے توسط سے شرف اندوز ملازمت ہوئے اور اس بنا پر کہ وہ صلابت جنگ کے عہد میں دیوانی دکن کی خدمت سے سرفراز رہ کر ریاست کے جزو کل امور سے واقف ہو چکے اور لشکر کے عہدہ داروں اور سپاہیوں سے شناسائی رکھتے تھے اور اس کے علاوہ صلحنامہ کی تکمیل بھی انہیں کی صوابدید سے ہوئی تھی وہ امور ریاست و کاروبار سلطنت کے اجرا میں دخیل ہوئے اگرچہ رکن الدولہ بظاہر مدار المہام تھے تاہم جمیع مہمات ریاست کا اجرا حقیقتہً انہیں کی صوابدید سے متعلق تھا۔ صاحب مآثر آصفی اسی واقعہ کو حسب ذیل الفاظ میں بیان کرتا ہے۔

”... چون[1] (شیر جنگ) از پیشتر واقفیت از بقیر و قطمیر این سرکار و

---

[1] مآثر آصفی جلد دوم ورق (۶۵)

اتفاق با جمیع اعزۂ لشکر و اکثر سپاہ دلشت دخیل کار گردیدہ و جزو کل امور ریاست جانب خود کشیدہ نام مدار المہامی فقط بر ذات رکن الدولہ گذاشت ......"

رکن الدولہ کے دیوان ہونے سے شیر جنگ اور ان کے متوسلین کو بڑی قوت پیدا ہو گئی اور غلام سید خان وغیرہ جو راجہ پرتاب ونت کے طرفدار تھے کمزور ہو گئے اب مدار المہام کو حسب صلاحِ شیر جنگ موقع ملا کہ غلام سید خان سہراب جنگ کو دربار بندگانعالی سے دور کر دیں پھر کہیں مہاراجہ موصوف کے طرفداروں کو غلبہ نہ ہو چنانچہ رکن الدولہ نے پیشگاہ حضور سے غلام سید خان کو معین الدولہ سہراب جنگ کے خطاب سے سرفراز اور نظامت صوبہ برار پر مامور کرا کے بندگانعالی کی حضوری سے دور کر دیا۔

اس دوران میں افغان سرداران کرنول کے اغوا پر بسالت جنگ نے نظام علیخان سے منحرف ہو کر بڑی فوج جمع کر لی اور حاکم کرنول کے ساتھ متفق ہو گئے اس کی اطلاع ملنے پر ۱۱۸۰ھ ہجری میں نظام علی خان ان کی تادیب کی غرض سے ادھونی کی طرف روانہ ہوئے جو بسالت جنگ کا مرکز و مستقر تھا۔ اس سے مطلع ہو کر بسالت جنگ ادھونی سے کرنول جا پہنچے اور وہاں کے قلعہ میں پناہ گزیں ہو گئے بندگانعالی نے

بذریعہ رسل و رسائل انہیں راہ راست پر لانے کی کوشش فرمائی حتیٰ کہ وہ حاضر دربار ہوئے بندگانعالی نے ان کو خلعت معافی سے سرفراز فرمایا۔ اس واقعہ اور بسالت جنگ کی سوء ظنی کو صاحب مآثر آصفی نے نہایت اچھے طریقہ سے ان الفاظ میں ظاہر کیا ہے

"...... درہمین آوان شجاع الملک بسالت جنگ بہادر بگمان اینکہ قتل صلابت جنگ بہ ایماء بندگانعالی صورت بستہ و آیندہ ہم جمعی از طرف خود معلوم نمی شود باغوائے بعضے افاغنہ در خودداری و سرانجام حرب و ضرب پرداخت بندگانعالی باستماع این خبر افواج فراہم کردہ بآن جانب متوجہ شدند قریب تم بھدرا (دریائے) رسیدند بسالت جنگ قلعہ کرنول را مضبوط ساخت بندگانعالی بمحاصرہ پرداختہ ابواب موعظت و مصالحت مفتوح ساختند بسالت جنگ عہد و پیمان مستحکم گرفتہ از قلعہ برآمدہ ملازمت کرد بندگانعالی برطبق قرار و مدار بسالت جنگ را بہ صوبہ داری امتیاز گڈہ معہ متعلقہ آن بدستور سابق بحال داشتہ بجانب آرکاٹ و چینا پٹن روانہ شدند۔"[1]

نواب کرناٹک نے ایک عرصہ سے پیشکش نہیں دی تھی اور نظام علی خان کی

---

[1] مآثر آصفی حصہ دوم ورق (۶۷)

